5046- بیٹا اسلامی ملک کی طرف ہجرت کرنا چاہتا ہے اور والدین نہیں مانتے

سوال

کفریہ ملک سے اسلامی ملک کیطرف ہجرت کرنے کا شوق رکھنے والے شخص پر کیا واجب ہوتا ہے، لیکن اس کے والدین ہجرت نہیں کرنا چاہتے اور اسے بھی منع کرتے ہیں؟

کیا وہ اکیلا ہی ہجرت کر جائے، اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ والدین کو وہیں چھوڑ دے، اس میں کم نقصان ہے، اور پھر اللہ تعالی کی اطاعت میں مخلوق کی معصیت ہے؟

پسندیدہ جواب

ہم نے یہ سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن
صالح بن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے پیش کیا تو ان کا جواب تھا:

اگر بیٹا اپنے والدین کا محتاج اور
ضرورتمند ہے، اور کفار کے ملک میں اپنے دین کے اظہار کی استطاعت بھی رکھتا ہے تو اس
صورت میں اس کا وہاں رہنا جائز ہے.